187

آیات نمبر 28 تا 36 میں اس دن کا ذکر جب سب کو جمع کیا جائے گا تو ان مشرکین کے جھوٹے معبود ان سے بیزاری کا اظہار کریں گے۔ یہ خود جانتے ہیں کہ اللہ ہی آسمان اور زمین سے روزی دیتا ہے اور وہی اس ساری کائنات کا نظام چلاتا ہے، لیکن اس کے باوجود ایمان نہیں لاتے۔ وہ صرف اللہ ہی ہے جس نے پہلی دفعہ پیدا کیا، وہی دوبارہ پیدا کرے گا۔ وہ صرف اللہ ہی ہے جو حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ یہ کفار حق کی پیروی کرنے کے بجائے محض اپنے گمان کی پیروی کر رہے ہیں

وَ يَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ
وَ شُرَكَآؤُكُمْ ۚ اور جس دن ہم ان سب کو اپنے حضور اکٹھا کریں گے پھر ان
لوگوں سے جنہوں نے شرک کیا ہے، ہم کہیں گے کہ تم اور وہ سب، جنہیں تم نے
ہمارا شریک ٹھہرایا تھا اپنی جگہ کھڑے ہو جاؤ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَ قَالَ
شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا تَعْبُدُوْنَ پھر ان کو علیحدہ کر دیا جائے گا، اور
جنہیں یہ اللہ کا شریک سمجھتے تھے وہ ان سے کہیں گے کہ تم ہماری بندگی تو نہیں کرتے
تھے ۲۸ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًاۢ بَيْنَنَا وَ بَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ
لَغٰفِلِيْنَ اب ہمارے اور تمہارے درمیان بس اللہ ہی گواہ ہے کہ ہم یقیناً اس بات
سے بے خبر تھے کہ تم ہماری پرستش کرتے ہو ۲۹ هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ
اَسْلَفَتْ وَ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَ ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا
يَفْتَرُوْنَ اس وقت ہر شخص اپنے کئے ہوئے اعمال کو اپنے سامنے پائے گا اور یہ
سب لوگ اللہ کی طرف واپس لوٹائے جائیں گے جو ان کا مالک حقیقی ہے اور جو کچھ

افترا پردازیاں وہ کرتے رہے تھے انہیں سب بھول جائیں گی ﴿۳۰﴾ رکوع [۳] قُلۡ مَنۡ
یَّرۡزُقُكُمۡ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ اَمَّنۡ یَّمۡلِكُ السَّمۡعَ وَ الۡاَبۡصَارَ وَ مَنۡ
یُّخۡرِجُ الۡحَیَّ مِنَ الۡمَیِّتِ وَ یُخۡرِجُ الۡمَیِّتَ مِنَ الۡحَیِّ وَ مَنۡ یُّدَبِّرُ الۡاَمۡرَ ؕ
اے پیغمبر (ﷺ)! آپ ان سے پوچھئے کہ وہ کون ہے جو تمہیں آسمان اور زمین سے
رزق دیتا ہے؟ تمہارے کان اور آنکھیں کس کے اختیار میں ہیں؟ وہ کون ہے جو زندہ
کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے؟ اور وہ کون ہے جو اس کائنات کا نظام چلا رہا
ہے؟ فَسَیَقُوۡلُوۡنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلۡ اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ یہ فوراً کہیں گے کہ وہ اللہ ہے،
تو آپ ان سے فرمایئے کہ پھر تم اس اللہ سے ڈرتے کیوں نہیں؟ مشرکین بھی یہ بات
مانتے تھے کہ یہ سب کام اللہ ہی کرتا ہے ﴿۳۱﴾ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الۡحَقُّ ۚ پس یہی
اللہ تو تمہارا حقیقی رب ہے فَمَاذَا بَعۡدَ الۡحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۖۚ فَاَنّٰی تُصۡرَفُوۡنَ
پھر سچائی کو پہچان لینے کے بعد بھی اسے نہ ماننا گمراہی نہیں تو اور کیا ہے، پھر تم حق کو
چھوڑ کر گمراہی کی طرف کیوں جا رہے ہو ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ حَقَّتۡ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى
الَّذِیۡنَ فَسَقُوۡۤا اَنَّهُمۡ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ اے پیغمبر (ﷺ)! اس طرح ان نافرمان
لوگوں کے حق میں آپ کے رب کی یہ بات ثابت ہو کر رہی کہ وہ کسی طرح بھی
ایمان نہیں لائیں گے ﴿۳۳﴾ قُلۡ هَلۡ مِنۡ شُرَكَآئِكُمۡ مَّنۡ یَّبۡدَؤُا الۡخَلۡقَ ثُمَّ
یُعِیۡدُهٗ ؕ اے پیغمبر (ﷺ)! ان لوگوں سے پوچھئے کہ تمہارے ٹھہرائے ہوئے
شریکوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو مخلوق کو پہلی بار بھی پیدا کرے پھر اسے مرنے کے

بعد دوبارہ زندہ کر دے؟ قُلِ اللّٰهُ يَبۡدَؤُا الۡخَلۡقَ ثُمَّ يُعِيۡدُهٗ فَاَنّٰى تُؤۡفَكُوۡنَ
آپ فرما دیجئے کہ یہ اللہ ہی ہے جو پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ بھی زندہ
کرے گا، پھر تم حق کو چھوڑ کر کہاں بھٹکے جا رہے ہو؟ ﴿۳۴﴾ قُلۡ هَلۡ مِنۡ شُرَكَآٮِٕكُمۡ
مَّنۡ يَّهۡدِيۡۤ اِلَى الۡحَـقِّ ؕ آپ ان سے پوچھئے کہ تمہارے ٹھہرائے ہوئے
شریکوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو دین حق کا راستہ دکھا سکے قُلِ اللّٰهُ يَهۡدِىۡ
لِلۡحَـقِّ ؕ آپ انہیں بتا دیجئے کہ صرف اللہ ہی حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے
اَفَمَنۡ يَّهۡدِىۡۤ اِلَى الۡحَـقِّ اَحَقُّ اَنۡ يُّتَّبَعَ اَمَّنۡ لَّا يَهِدِّىۡۤ اِلَّاۤ اَنۡ يُّهۡدٰى ۚ
تو پھر جو دین حق کا راستہ دکھاتا ہو وہ پیروی کا زیادہ حقدار ہے یا وہ جو بغیر کسی کی رہنمائی
کے خود بھی صحیح راستہ نہ پا سکے فَمَا لَـكُمۡ ۚ كَيۡفَ تَحۡكُمُوۡنَ تمہیں کیا ہو گیا ہے،
کیسے فیصلے کرتے ہو! ﴿۳۵﴾ وَمَا يَتَّبِعُ اَكۡثَرُهُمۡ اِلَّا ظَنًّا ؕ اور ان میں سے اکثر
لوگ محض اپنے قیاس و گمان کی پیروی کر رہے ہیں اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغۡنِىۡ مِنَ
الۡحَـقِّ شَيۡـــًٔا ؕ حالانکہ حق بات کے سمجھنے میں قیاس و گمان بالکل مفید نہیں ہو سکتا
اِنَّ اللّٰهَ عَلِيۡمٌۢ بِمَا يَفۡعَلُوۡنَ بے شک اللہ ان اعمال سے باخبر ہے جو یہ کر رہے
ہیں ﴿۳۶﴾

[# 187]

In verses 28 to 36, it mentions the Day when everyone will be gathered, and the polytheists will express their aversion to their false deities. They know well that it is Allah who provides sustenance from the heavens and the earth and maintains the entire order of the universe, yet they do not believe. It is only Allah who creates for the first time and who will recreate. He alone guides towards the truth. These disbelievers are not following the truth but are merely following their own conjectures.

وَ يَوۡمَ نَحۡشُرُهُمۡ جَمِيۡعًا ثُمَّ نَقُوۡلُ لِلَّذِيۡنَ اَشۡرَكُوۡا مَكَانَكُمۡ اَنۡتُمۡ وَشُرَكَآؤُكُمۡ ۚ

And [consider] the Day when We will gather them all together; then We will say to those who associated others with Allah [in worship], '[stay in] your places, you and your associate-gods'.

فَزَيَّلۡنَا بَيۡنَهُمۡ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمۡ مَّا كُنۡتُمۡ اِيَّانَا تَعۡبُدُوۡنَ
﴿۲۸﴾

Then We will separate them from each other, and their associate-gods will say, 'You did not worship us.'

فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيۡدًۢا بَيۡنَنَا وَبَيۡنَكُمۡ اِنۡ كُنَّا عَنۡ عِبَادَتِكُمۡ لَغٰفِلِيۡنَ ﴿۲۹﴾

Now, Allah alone is sufficient as a witness between us and you; indeed, we were totally unaware of your worship.

هُنَالِكَ تَبۡلُوۡا كُلُّ نَفۡسٍ مَّاۤ اَسۡلَفَتۡ وَ رُدُّوۡۤا اِلَى اللّٰهِ مَوۡلٰىهُمُ
الۡحَقِّ وَضَلَّ عَنۡهُمۡ مَّا كَانُوۡا يَفۡتَرُوۡنَ ۝٣٠ ركوع [٣]

At that time every soul will see the consequences of what they did. They will all be returned to Allah, their true Master, and whatever falsehoods they used to fabricate will vanish from them.

قُلۡ مَنۡ يَّرۡزُقُكُمۡ مِّنَ السَّمَآءِ وَ الۡاَرۡضِ اَمَّنۡ يَّمۡلِكُ
السَّمۡعَ وَ الۡاَبۡصَارَ وَ مَنۡ يُّخۡرِجُ الۡحَىَّ مِنَ الۡمَيِّتِ وَ يُخۡرِجُ
الۡمَيِّتَ مِنَ الۡحَيِّ وَمَنۡ يُّدَبِّرُ الۡاَمۡرَ ؕ

[O Prophet!] Ask them, 'Who provides for you from the heavens and the earth? Who controls [your] hearing and [your] sight and who brings the living out of the dead and brings the dead out of the living? And who is in control of all things in the universe?'

فَسَيَقُوۡلُوۡنَ اللّٰهُ‌ ۚ فَقُلۡ اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ ﴿۳۱﴾

They will immediately say, 'It is Allah.' So, ask them, 'Then why do you not fear Him?'

The polytheists also acknowledged that it is Allah who does all these things.

فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الۡحَـقُّ‌ ۚ

So, That is Allah [alone] - your true Lord.

فَمَاذَا بَعۡدَ الۡحَـقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ‌ ۖۚ فَاَنّٰى تُصۡرَفُوۡنَ ﴿۳۲﴾

After recognizing the truth, refusing to accept it, is nothing but misguidance. Then why are you turning away [from the truth towards misguidance?]

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا
يُؤْمِنُوْنَ ۝٣٣

[O Prophet!] By presenting this fact, your Lord's statement about the disobedient ones, is being proven, that they will never come to believe [in any way].

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ

[O Prophet!] Ask them if among their associate-gods, there is anyone who can create for the first time and then bring it back to life after its death?

قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝٣٤

Say, 'It is Allah [alone] who creates for the first time and who will bring it back to life again. So why are you being misled away from the truth'?

قُلۡ هَلۡ مِنۡ شُرَكَآٮِٕكُمۡ مَّنۡ يَّهۡدِىۡۤ اِلَى الۡحَـقِّ‌ؕ

[O Prophet!] Ask them, if among their associate-gods, there is anyone who can guide towards the truth.

قُلِ اللّٰهُ يَهۡدِىۡ لِلۡحَـقِّ‌ؕ

Tell them, that only Allah guides towards the truth.

اَفَمَنۡ يَّهۡدِىۡۤ اِلَى الۡحَـقِّ اَحَقُّ اَنۡ يُّتَّبَعَ اَمَّنۡ لَّا يَهِدِّىۡۤ اِلَّاۤ اَنۡ يُّهۡدٰى‌ۚ

So, then, who is more deserving of being followed: the one [Allah] who guides towards the path of truth, or the one [associate-god] who cannot find the right path unless guided [by someone else]?

فَمَا لَكُمۡ ۖ كَيۡفَ تَحۡكُمُوۡنَ ﴿٣٥﴾

What has happened to you? How do you make decisions?

وَمَا يَتَّبِعُ اَكۡثَرُهُمۡ اِلَّا ظَنًّا ؕ

And most of them are following nothing but conjecture and assumptions.

اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغۡنِىۡ مِنَ الۡحَـقِّ شَيۡـئًا ؕ

Yet, conjecture and assumptions are utterly useless in understanding the truth.

اِنَّ اللّٰهَ عَلِيۡمٌۢ بِمَا يَفۡعَلُوۡنَ ﴿٣٦﴾

Indeed, Allah is fully aware of what they are doing.